ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

سندھ پولیس کی جانب سے ایس ایس پی کشمور اور اُنکی ٹیم کے لیئے تیس لاکھ روپئے انعام کا اعلان۔

کراچی 16 دسمبر 2021ء؛۔

جرائم کے خلاف انتہائی دلیری اور شجاعت کا مظاہرہ کرنے پر آئی جی سندھ نے ایس ایس پی کشمور اور انکی ٹیم کے لیئے تیس لاکھ روپئے نقد انعام اور تعریفی اسناد کا اعلان کیا ہے۔

تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی کشمور اور انکی ٹیم نے کچے کے علاقے میں پولیس آپریشن کے خلاف پانچ بدنام زمانہ اور علاقے میں خوف و دہشت کی علامت سمجھے جانیوالے ڈاکوؤں کا قلع قمع کیا۔ان ڈاکوؤں کی زندہ یا مردہ گرفتاری پر حکومت کی جانب سے بالترتیب ایک کروڑ، دس لاکھ، تیس لاکھ روپئے انعام مقرر کرر کھا تھا پانچوں ڈاکو قتل ڈکیتی، اقدام قتل، پولیس مقابلوں سمیت دیگر سنگین جرائم میں پولیس کو مطلوب تھے۔

؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔